إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا

فون نمبر — ۴۹

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

ایڈیٹر
روشن دین تنویر

ربوہ

یوم دوشنبہ

خصوصی شمارہ

قیمت فی پرچہ ۵ پیسے

روزنامہ

# الفضل

جلد ۵۶/۲۱ — ۲۴ وفا ۱۳۴۶ھش — ۱۶ ربیع الثانی ۱۳۸۷ھ — ۲۴ جولائی ۱۹۶۷ء — نمبر ۱۶۳


## اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ثُمَّ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

# ڈنمارک کے دارالحکومت کوپن ہیگن میں مسجد نصرت جہاں کا افتتاح عمل میں آگیا

## ڈنمارک کی اس سب سے پہلی مسجد کا افتتاح سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ نے فرمایا

## تقریب میں یورپ کے مبلغین اسلام احمدی احباب غیر ملکی سفراء اور ڈنمارک کے سربرآوردہ حضرات کی شرکت

### حضور ایدہ اللہ اور سکنڈے نیویا کے نومسلم احمدیوں کی طرف سے لجنہ اماء اللہ کو مبارکباد کا پیغام

کوپن ہیگن (ڈنمارک) ۲۱ جولائی — یہ خبر جماعت میں نہایت خوشی اور مسرت کے ساتھ سنی جائے گی کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور اسی کی دی ہوئی توفیق سے سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جو آجکل اعلائے کلمۂ اسلام کی غرض سے یورپ کے احمدیہ مشنوں کا دورہ فرما رہے ہیں مورخہ ۲۱ جولائی ۱۹۶۷ء بروز جمعۃ المبارک سوا بجے بعد دوپہر جماعت احمدیہ کی طرف سے ڈنمارک کے دارالحکومت کوپن ہیگن میں تعمیر ہونے والی سب سے پہلی مسجد کا افتتاح فرمایا۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ — یاد رہے اس مسجد کا سنگ بنیاد محترم جناب صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب وکیل اعلیٰ و وکیل التبشیر نے ۶ مئی ۱۹۶۶ء کو رکھا تھا۔

افتتاحی تقریب میں یورپ کے مبلغین اسلام، احمدی احباب غیر ملکی سفراء ڈنمارک کی سربرآوردہ شخصیتیں اور معزز شہری کثیر تعداد میں شریک ہوئے اس موقع پر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پریس کانفرنس سے بھی خطاب فرمایا جس میں عالمی اخبارات کے نمائندوں نے بہت بھاری تعداد میں شرکت کی۔ مزید برآں ریڈیو اور ٹیلی وژن نے حضور کا خصوصی انٹرویو بھی ریکارڈ کیا۔

ڈنمارک کی اس سب سے پہلی مسجد کو بحمد للہ تعالیٰ کئی خصوصی امتیاز حاصل ہیں اول یہ کہ یہ مسجد ڈنمارک کی سب سے پہلی مسجد ہے اس سے قبل اس ملک میں کوئی مسجد نہ تھی۔ دوسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ خلیفۂ برحق سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بنفس نفیس کوپن ہیگن تشریف لاکر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا عاجزانہ دعاؤں کے ساتھ اس کا افتتاح فرمایا اور اس میں پہلی نماز جمعہ پڑھائی۔ پھر سب سے بڑھ کر یہ کہ اس مسجد کا نام حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نام نامی پر "مسجد نصرت جہاں" (NUSRAT JAHAN MOSQUE) رکھا گیا ہے۔

سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے مسجد کا افتتاح فرمانے کے بعد کوپن ہیگن سے حضرت سیدہ ام متین مریم صدیقہ صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah



کی وساطت سے دنیا بھر کی لجنات اماء اللہ کو جنہوں نے اِس مسجد کی تعمیر میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لے کر ایک بار پھر راہ حق میں قربانی و ایثار کی نہایت درخشندہ مثال قائم کر دکھائی ہے مبارکباد کا پیغام ارسال فرمایا ہے۔ چنانچہ حضور نے حضرت سیدہ موصوفہ کے نام ۲۱ جولائی کو جو تار ارسال فرمایا اس کا ترجمہ درج ذیل ہے:۔

"کوپن ہیگن ۲۱ جولائی

الحمدللہ مسجد نصرت جہاں کا افتتاح آج سوا بجے بعد دوپہر عمل میں آیا۔ اس مسجد کی تعمیر یورپ میں بالعموم اور ڈنمارک میں بالخصوص اسلام کی ترقی اور غلبہ کے حق میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ میری طرف سے اور سکنڈے نیویا کے احمدیوں کی طرف سے لجنہ اماء اللہ کو مبارک پہنچا دیں۔ مسجد کی عمارت خوبصورت اور دیدہ زیب ہے۔ افتتاح کی تقریب میں یورپ کے مبلغین اسلام، احمدی احباب، غیر ملکی سفراء، ڈنمارک کی سربرآوردہ ہستیوں اور شہریوں نے شرکت کی بعد ازاں پریس کانفرنس میں عالمی اخبارات کے نمائندے بہت کثیر تعداد میں شریک ہوئے۔ ریڈیو اور ٹیلی ویژن نے انٹرویو ریکارڈ کیا۔ دعا کریں کہ اللہ تعالےٰ اس مسجد کی تعمیر کو ہر لحاظ سے بابرکت کرے، اسے مثمر ثمرات حسنہ بنائے اور ہماری حقیر کوششوں کو اپنے فضل سے قبول فرمائے۔

(خلیفۃ المسیح)"

یہ امر قابل ذکر ہے کہ سرزمینِ یورپ میں جماعت احمدیہ کی طرف سے تعمیر ہونے والی یہ چھٹی مسجد ہے۔ قبل ازیں جماعت احمدیہ کو اللہ تعالےٰ کے فضل سے لنڈن (انگلستان)، ہیگ (ہالینڈ) ہمبورگ اور فرینکفورٹ (مغربی جرمنی) اور زیورچ (سوئٹزرلینڈ) میں عالیشان مساجد تعمیر کرانے کی توفیق مل چکی ہے۔ اب ڈنمارک میں مسجد نصرت جہاں کی تعمیر اور اس کا افتتاح عمل میں آنے کے بعد یورپ میں جماعت احمدیہ کی طرف سے تعمیر ہونے والی مساجد کی تعداد بحمداللہ چھ ہو گئی ہے۔

یہ نئی مسجد قریباً پانچ لاکھ روپے کے مصارف سے تعمیر کی گئی ہے۔ اس کی خوبصورت عمارت ایک پرشکوہ گنبد سے مزیّن ہے اس کے ساتھ مشن ہاؤس اور ایک لیکچر ہال بھی تعمیر کیا گیا ہے۔ یہ مسجد بحمداللہ تعالیٰ ڈنمارک میں اسلام کے غیر معمولی چرچے کا باعث ہوئی ہے۔ اور اب وہاں اسلام میں عوام کی دلچسپی بڑھتی جا رہی ہے۔

احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالےٰ اس مسجد کی تعمیر کو ہر جہت سے بابرکت فرمائے اسے ثمرات حسنہ سے نوازے، اور اس کی وجہ سے ڈنمارک اور پورے سکنڈے نیویا میں غلبۂ اسلام کی راہ اس طور پر ہموار ہو کہ وہاں کی پیاسی روحیں جوق در جوق اسلام کی طرف کھنچی چلی آئیں حتیٰ کہ وہاں ہر طرف اسلام ہی اسلام ہو۔ آمین۔

احباب جماعت حضور ایدہ اللہ کے سفر یورپ کے ہر طرح بابرکت ہونے، اسلام کے یورپ میں جلد از جلد غالب آنے نیز حضور کی صحت و سلامتی اور کامیاب و بامراد مراجعت کے لئے بھی پوری توجہ درد اور التزام کے ساتھ دعاؤں میں لگے رہیں۔

# جماعتِ احمدیہ کے ذریعہ سرزمینِ یورپ میں تعمیر ہونے والی مساجد

ڈنمارک کے دارالحکومت کوپن ہیگن میں مسجد نصرت جہاں کی تعمیر کے بعد جس کا افتتاح سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ ۲۱ جولائی ۱۹۶۷ء بروز جمعۃ المبارک فرمایا ہے اب سرزمین یورپ میں جماعت احمدیہ کے ذریعہ تعمیر ہونے والی مساجد کی تعداد چھ ہو گئی ہے۔ فالحمدللہ علیٰ ذالک۔ یہ مساجد اللہ تعالےٰ کے خاص فضل اور اس کی دی ہوئی توفیق سے لنڈن، ہیگ، ہمبورگ، فرانکفورٹ، زیورک اور کوپن ہیگن میں تعمیر ہوئی ہیں۔ ان مساجد کے سنگ بنیاد اور افتتاح کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

۱۔ مسجد فضل لنڈن (انگلستان)

سیدنا حضرت المصلح الموعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ۱۹۲۴ء میں انگلستان تشریف لے جا کر اپنے دست مبارک سے اس مسجد کا سنگ بنیاد رکھا اور ۱۹۲۶ء میں سر عبدالقادر مرحوم نے اس کا افتتاح فرمایا۔

۲۔ مسجد مبارک ہیگ (ہالینڈ)

یہ مسجد ۱۹۵۵ء میں تعمیر ہوئی۔ محترم جناب چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے اس کا سنگ بنیاد رکھا اور تعمیر مکمل ہونے پر آپ ہی نے اس کا افتتاح فرمایا۔

۳۔ مسجد فضل عمر، ہمبورگ (مغربی جرمنی)

یہ مسجد ۱۹۵۷ء میں تعمیر ہوئی اور محترم جناب چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے ۲۲ جون ۱۹۵۷ء کو اس کا افتتاح فرمایا۔

۴۔ مسجد نور، فرانکفورٹ (مغربی جرمنی)

یہ مسجد ۱۹۵۹ء میں تعمیر ہوئی۔ محترم چوہدری عبداللطیف صاحب مبلغ جرمنی نے اس کا سنگ بنیاد رکھا اور ۱۲ ستمبر ۱۹۵۹ء کو محترم جناب چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے اس کا افتتاح فرمایا۔

۵۔ مسجد محمود، زیورک (سوئٹزرلینڈ)

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ بنت سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ۲۵ اگست ۱۹۶۲ء کو اس مسجد کا سنگ بنیاد رکھا اور ۲۲ جون ۱۹۶۳ء کو محترم جناب چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے اس کا افتتاح فرمایا۔

۶۔ مسجدِ نصرت جہاں، کوپن ہیگن (ڈنمارک)

محترم جناب صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے ۶ مئی ۱۹۶۶ء کو اس مسجد کا سنگِ بنیاد رکھا۔ اور سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ ۲۱ جولائی ۱۹۶۷ء کو اس کا افتتاح فرمایا۔

☆